سوال

(230) کیا قربانی کا گوشت محرم سے پہلے پہلے ختم کرنا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ قربانی کا گوشت ماہِ محرم سے پہلے پہلے ختم کر دینا چاہیئے، اس کے بارے میں وضاحت کر دیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس تحدید پر شریعت میں کوئی صراحت نہیں ملتی لہذا یہ کہنا درست نہیں کہ محرم سے پہلے پہلے قربانی کا گوشت ختم کرنا ضروری ہے۔ غرباء ومساکین کو کھلادینے اور اُن کا حق ادا کر دینے کے بعد اگر گوشت تادیر بھی رکھ لیا جائے تو کوئی قباحت نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كلوا واطعموا وادخروا (بخاري، الاضاحی، ما يوكل من لحوم الاضاحی ويتزود منها، ح: 5569)

''خود کھاؤ، دوسروں کو کھلاؤ اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

قربانی کے احکام ومسائل، صفحہ: 506

محدث فتویٰ